# تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: محمد یونس جنجوعہ

نام کتاب : قرآن کا معجزہ

مصنف : محمد متولی الشعراوی

مترجم : پروفیسر ڈاکٹر محمد سید الحسنات

ضخامت: 200 صفحات ' قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: انجمن خدام القرآن سرحد' پشاور

یہ کتاب ''معجزة القرآن'' کا ترجمہ ہے۔ اصل کتاب عربی زبان میں ہے جو مشہور مصری عالم محمد متولی الشعراوی کی تصنیف ہے۔ محمد متولی الشعراوی مصر کی ممتاز علمی شخصیت تھے۔ عرصہ تک درس وتدریس میں مشغول رہے۔ بعد ازاں وزیر اوقاف مقرر ہوئے۔ یہ منصب چھوڑ کر پھر علمی کاموں میں مصروف ہو گئے۔

رسول اللہ ﷺ کے دیگر بہت سے معجزات ہیں' مگر قرآن کا اعجاز صریح اور بین ہے۔ اسی حقیقت کو اس کتاب میں اُجاگر کیا گیا ہے۔ کتاب درج ذیل آٹھ فصول پر مشتمل ہے:

(۱) معجزہ کیا ہے؟

(۲) معجزہ قرآن' یہ دوسرے معجزوں سے کیسے مختلف ہے؟

(۳) قرآن مجید کا لغوی معجزہ

(۴) قرآن مجید میں بلاغت

(۵) قرآن مجید میں تناقض وتضاد؟

(۶) قرآن اور کائنات کے قوانین

(۷) قرآن مجید نے غیب کے پردے چاک کیے

(۸) اللہ تعالیٰ پاک ہے

قرآن مجید کے معجزانہ پہلو کے بارے میں شائقین کی تشفی کے لیے اس کتاب میں خاصا مواد موجود ہے۔ نیز منکرین کے اعتراضات کے مسکت جواب بھی دیے گئے ہیں۔○○